3436 ـ ہوائی جہاز میں نماز کیسے ادا کی جائیگی کیونکہ اس کی جہت تبدیل ہوتی رہتی ہے ؟

سوال

ہوائی جہاز میں کسی بھی جانب سفر کرتے وقت نماز ادا کرنے کی ضرورت پڑتی ہے، جب نماز شروع کی جائے تو جہاز کی سمت تبدیل ہونے پر قبلہ رخ بھی تبدیل ہو جائیگا، جس کے نتیجہ میں میں قبلہ رخ ہو کر نماز ادا نہیں کر سکوں گا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

فرضی نماز میں قبلہ رخ ہونا واجب ہے، کیونکہ فرمان باری تعالی ہے:

اور تم اپنا رخ مسجد حرام کی طرف پھیرلو اور تم جہاں کہیں بھی ہو اپنے رخ اس کی طرف پھیر لیا کریں البقرۃ (144).

آپ کے لیے ممکن ہے کہ آپ ہوائی جہاز کے عملہ سے قبلہ کا رخ پوچھ لیں اور فضاء میں ہوائی جہاز کے استقرار کے بعد آپ قبلہ رخ ہو کر نماز ادا کرنے کو فرصت جانیں، لیکن اگر ممکن نہ ہو اور آپ ہوائی جہاز اترنے تك نماز مؤخر کر سکتے ہوں لیکن اس میں نماز کا وقت نہ نکل جائے تو آپ نماز میں تاخیر کر لیں.

لیکن اگر وقت نکل جانے کا خدشہ ہو تو آپ جس حال میں بھی ہوں ہوائی جہاز میں ہی نماز ادا کر لیں، تو آپ کی نماز صحیح ہو گی، کیونکہ اللہ تعالی کسی جان کو بھی اس کی استطاعت سے زیادہ مکلف نہیں کرتا.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے.

واللہ اعلم .